سونا نصاب سے کم ہو، لیکن ساتھ ٹی وی اور اضافی برتن ہوں، تو زکوۃ کا حکم

مجیب: مولانا جمیل احمد غوری عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-1462

تاریخ اجراء: 26رجب المرجب1445ھ /07فروری2024ء

دار الافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

اگر کسی کے پاس سونا ساڑھے سات تولہ سے کم ہے، لیکن اس کے پاس ٹی،وی، مائیکروویو وغیرہ ہوں، تو کیا اس پر زکوۃ لازم ہو گی؟

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

زکوۃ صرف مالِ نامی پر فرض ہوتی ہے جیسے سونا، چاندی، مالِ تجارت، پرائز بانڈ وغیرہ جبکہ اموالِ غیر نامی جیسے بستر، کپڑے، برتن، microwave or cooking rang وغیرہ میں زکوۃ واجب نہیں ہوتی جبکہ انہیں بیچنے کی نیت سے نہ خریدا ہو۔

سونے کا نصاب ساڑھے سات تولہ یعنی تقریباً 87 گرام 48 ملی گرام ہے اور چاندی کا نصاب ساڑھے باون تولہ یعنی تقریباً 612 گرام 36 ملی گرام ہے اور نصاب کا چالیسواں حصہ یعنی 2.5٪ زکوۃ کے طور پر دینا ہوتا ہے۔

اگر کسی کی ملکیت میں نصاب سے کم سونا ہو، اس کے علاوہ کوئی اور مالِ زکوۃ نہ ہو تو اس پر زکوۃ فرض نہیں ہو گی، لیکن اگر اس سونے کے ساتھ دیگر اموالِ زکوۃ مثلاً مالِ تجارت، رقم، پرائز بانڈز میں سے حاجاتِ اصلیہ سے زائد کچھ بھی ہو تو سونے اور اس مالِ زکوۃ کی قیمت کو ملا دیکھا جائے گا کہ ان کی مجموعی قیمت ساڑھے باون (52.5) تولہ چاندی (تقریباً 612 گرام 36 ملی گرام) کی قیمت کو پہنچتی ہے یا نہیں، اگر وہ ساڑھے باون (52.5) تولہ چاندی کی قیمت کو پہنچتی ہو تو ان پر سال گزر جانے اور دیگر شرائطِ زکوۃ متحقق ہونے کی صورت میں زکوۃ فرض ہو گی اور اس کا چالیسواں حصہ یعنی 2.5٪ زکوۃ کے طور پر دینا ہو گا اور اگر اس قیمت کو نہ پہنچتی ہو تو اس صورت میں زکوۃ فرض نہیں ہو گی۔

لہٰذا اگر آپ کی ملکیت میں ساڑھے سات تولے سے کم سونا ہے، اس کے علاوہ چاندی یا کوئی اور مالِ نامی حاجتِ اصلیہ سے زائد نہیں تو آپ پر زکوۃ فرض نہیں لیکن اس کے باوجود آپ زکوۃ لے بھی نہیں سکتیں کیونکہ زیور حاجاتِ اصلیہ میں سے نہیں اور جو شخص حاجاتِ اصلیہ کے علاوہ ساڑھے باون (52.5) تولہ چاندی (تقریباً 612 گرام 36 ملی گرام) کی مالیت کا مالک ہو، وہ شرعاً غنی یعنی مالدار ہے، اس پر قربانی واجب ہے اور اسے زکوۃ لینا جائز نہیں۔

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net